# LIBRA برج میزان

22 SEP ...TO...22 OCT

۲۴ ستمبر تا ۲۳ اکتوبر

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

# تعارف

برجوں کے علم پر یوں تو اب تک بے شما کتب احاطہ تحریر میں آ چکی ہیں۔ لیکن ان کی ضخامت اور دقیق الفاظ کا استعمال آج کے تیز رفتار دور میں ایک شائق کے مانع ہے۔

قارئین کے اس علم سے متعلق شوق اور وقت کی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر برج کے لیے جیبی سائز (Pocket Size) میں علیحدہ علیحدہ کتب تحریر کی گئی ہیں۔

''نایاب بک کولیکشن کلب'' نے اپنے معیار کی سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے اس کتاب میں مختلف موضوعات کو آسان فہم انداز میں اس طرح واضح کیا ہے کہ اس کے مطالعہ کے بعد کسی اور کتاب سے رجوع کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہ جاتی۔

کتاب ھذا میں برج کے تحت پیدا ہونے والے بچوں کی تعلیم و تربیت سے لے کر ان کے دوسرے بروج سے تعلقات کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ دیگر یہ کہ پیدائش سے لے کر عملی زندگی تک مختلف عنوانات کے تحت زندگی کے ہر پہلو کو تفصیلاً تحریر کیا گیا ہے۔

باالفاظ دیگر کہا جا سکتا ہے کہ فی زمانہ برجوں سے متعلق دستیاب کتب میں یہ اپنا ثانی نہیں رکھتی۔

# فہرست

برجوں کے نام اور تاریخ پیدائش

سیاروں کے نام اور علامات

برجوں کے مزاج

برج اور ان کے سیارگان

برج اور ان کی اشکال

برجوں کے کلیدی الفاظ

سیاروں کے کلیدی الفاظ

برجوں کا جسم کے حصوں سے تعلق

آپ کا برج کون سا ہے؟

برجوں کے معاشرتی تعلقات کا سرسری جائزہ

IqbalCyberLibrary
All rights reserved
©2002-2006

# برجوں کے نام اور تاریخ پیدائش

| عربی نام | تاریخ پیدائش | انگریزی نام |
|---|---|---|
| حمل | ۲۱ مارچ تا ۲۰ اپریل | Aries |
| ثور | ۲۱ اپریل تا ۲۱ مئی | Taurus |
| جوزا | ۲۲ مئی تا ۲۲ جون | Gemini |
| سرطان | ۲۳ جون تا ۲۳ جولائی | Cancer |
| اسد | ۲۴ جولائی تا ۲۳ اگست | Leo |
| سنبلہ | ۲۴ اگست تا ۲۳ ستمبر | Virgo |
| میزان | ۲۴ ستمبر تا ۲۳ اکتوبر | Libra |
| عقرب | ۲۴ اکتوبر تا ۲۲ نومبر | Scorpio |
| قوس | ۲۳ نومبر تا ۲۰ دسمبر | Sagitarius |
| جدی | ۲۱ دسمبر تا ۱۹ جنوری | Capricom |
| دلو | ۲۰ جنوری تا ۱۸ فروری | Aquairius |
| حوت | ۱۹ فروری تا ۲۰ مارچ | Pisces |

# سیاروں کے نام اور علامات

| عربی نام | انگریزی نام | علامت |
|---|---|---|
| مریخ | Mars | |
| زہرہ | Venus | |
| عطارد | Mercury | |
| قمر | Moon | |
| مشتری | Jupiter | |
| زحل | Satum | |
| شمس | Sun | |
| پلوٹو | Pluto | |
| یورنیس | Uranus | |
| نیپ چون | Neptune | |

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

## برج اور مزاج

دنیا کی ہر چیز چار عناصر یعنی آگ، ہوا، پانی اور مٹی سے بنی ہے۔جبکہ برجوں کے مزاج بھی انہی عناصر سے متعلق ہوتے ہیں۔یعنی

| | | |
|---|---|---|
| عنصر آگ | …… | آتشی مزاج |
| عنصر ہوا | …… | بادی مزاج |
| عنصر مٹی | …… | خاکی مزاج |
| عنصر پانی | …… | آبی مزاج |

www.IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

## آتشی مزاج برج

آتشی مزاج برج کے حامل افراد طاقت ور اور مہم جو ہوتے ہیں۔ یہ خود بھی قوت عمل سے بھرپور ہوتے ہیں اور لوگوں میں بھی قوت عمل کے جذبے کو ابھارنے میں کردار ادا کرتے ہیں۔ ان افراد میں تخلیقی صلاحیتیں خوب ہوتی ہیں۔ اور بے حد ذہین ہوتے ہیں۔ ان کا عمل اور تصور یکساں پختہ ہوتے ہیں۔

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

## خاکی مزاج برج

خاکی مزاج برج کے تحت افراد مادہ پرست ہوتے ہیں۔ یہ ضبط نفس کے ساتھ ساتھ شہوانیت کی طرف بھی مائل ہوتے ہیں۔

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

## بادی مزاج کے برج

اس مزاج والے برج کے حامل افراد معاشتے میں رابطے اور تعلق کو بے حد اہمیت دیتے ہیں۔ یہ لفظوں اور رنگوں سے کھیلنے کے عادی ہوتے ہیں۔ یہ ذوق جمال سے بہرہ ور ہوتے ہیں۔ ہر لحظہ ماحول میں تبدیلی چاہتے ہیں۔

www.IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

## آبی مزاج برج

اس مزاج والے برج کے تحت لوگ بہت ہی پر اسرار اور جذباتی قسم کے ہوتے ہیں۔ یہ خاموش طبع ہوتے ہیں اور دوسروں کو اپنی مقناطیسی شخصیت سے متاثر کرتے ہیں۔ یہ بے حد حساس ہوتے ہیں۔ صاف دلی کے ساتھ ساتھ ان کے جذبات اور تصورات وسیع ہوتے ہیں۔

ذیل میں دیئے گئے جدول سے تمام برجوں کے عناصر اور مزاج معلوم کیے جاسکتے ہیں۔

| نام برج | عنصر | مزاج | انگریزی نام |
|---|---|---|---|
| حمل | آگ | آتشی | Aries |
| ثور | مٹی | خاکی | Taurus |
| جوزا | ہوا | بادی | Gemini |
| سرطان | پانی | آبی | Cancer |
| اسد | آگ | آتشی | Leo |
| سنبلہ | مٹی | خاکی | Virgo |
| میزان | ہوا | بادی | Libra |
| عقرب | پانی | آبی | Scorpio |
| قوس | آگ | آتشی | Sagitarius |
| جدی | مٹی | خاکی | Capricom |
| دلو | ہوا | بادی | Aquairius |
| حوت | پانی | آبی | Pisces |

## برج اور ان کے سیارگان

ہر برج کا اپنا ایک حاکم سیارہ ہوتا ہے۔ذیل میں دیئے گئے جدول کی مدد سے آپ ہر ایک برج کے حاکم سیارے کا نام معلوم کر سکتے ہیں۔

| عربی نام | حاکم سیارہ | انگریزی نام |
|---|---|---|
| حمل | مریخ | Aries |
| ثور | زہرہ | Taurus |
| جوزا | عطارد | Gemini |
| سرطان | قمر | Cancer |
| اسد | شمس | Leo |
| سنبلہ | عطارد | Virgo |
| میزان | زہرہ | Libra |
| عقرب | مریخ۔پلوٹو | Scorpio |
| قوس | مشتری | Sagitarius |
| جدی | زحل | Capricom |
| دلو | زحل۔یورینس | Aquairius |
| حوت | مشتری۔نیپچون | Pisces |

# برج اور ان کی اشکال

آسمان پر برجوں کی اشکال واضح نہیں ہوتیں بلکہ مختلف ستارے مل کر متعلقہ شکل سے مماثلت اختیار کر لیتے ہیں۔اس لیے اس ضمن میں معمولی اختلاف ہو سکتا ہے۔

| عربی نام | شکل | انگریزی نام |
|---|---|---|
| حمل | مینڈھا | Aries |
| ثور | بیل | Taurus |
| جوزا | جڑواں بچے | Gemini |
| سرطان | کیکڑا | Cancer |
| اسد | شیر | Leo |
| سنبلہ | دوشیزہ | Virgo |
| میزان | ترازو | Libra |
| عقرب | بچھو | Scorpio |
| قوس | تیرانداز | Sagitarius |
| جدی | بکرا | Capricom |
| دلو | مشکیزہ بردار | Aquairius |
| حوت | دو مچھلیاں | Pisces |

CyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

# برجوں کے کلیدی الفاظ

یہ بظاہر ایک لفظ پر مبنی ہوتے ہیں لیکن یہ پورے برج کا احاطہ کیے ہوتے ہیں۔ اس سے ہمیں معلوم ہو جاتا ہے کہ برج کا مضبوط ترین نکتہ کون سا ہے۔

| برج کا نام | کلیدی الفاظ | انگریزی نام |
| --- | --- | --- |
| حمل | ذات | Aries |
| ثور | دولت | Taurus |
| جوزا | دماغ | Gemini |
| سرطان | خاندان | Cancer |
| اسد | بچے | Leo |
| سنبلہ | کام | Virgo |
| میزان | شادی | Libra |
| عقرب | جنس | Scorpio |
| قوس | سفر | Sagitarius |
| جدی | کاروبار | Capricom |
| دلو | دوست | Aquairius |
| حوت | حدود | Pisces |

# سیاروں کے کلیدی الفاظ

برجوں کے کلیدی الفاظ کی طرح سیاروں کے بھی کلیدی الفاظ ہوتے ہیں اوران سے ظاہر ہو جاتا ہے کہ متعلقہ سیارے کی بنیادی خصوصیت کیا ہے۔

| سیارہ | کلیدی لفظ | سیارے کا نام |
|---|---|---|
| مریخ | قوت وتوانائی | Mars |
| زہرہ | حسن ومحبت | Venus |
| عطارد | تجسس وذہانت | Mercury |
| قمر | متغیرمزاج | moon |
| شمس | سرچشمہ حیات | Sun |
| مشتری | وسعت وتحفظ | Jupiter |
| زحل | تحقیق وتفتیش | Saturn |
| نیپ چون | سنسنی خیزی | Neptune |
| پلوٹو | تخلیق وتباہی | Uranus |

# برجوں کا جسم کے حصوں سے تعلق

تمام برجوں کا جسم کے کسی نہ کسی حصہ سے تعلق ہوتا ہے۔اس سے ہمیں یہ معلوم کرنے میں مدد ملتی ہے کہ کسی برج کے حامل افراد کن کن امراض میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔

برجوں کا جسم سے تعلق بتایا جا رہا ہے۔

| نمبر شمار | نام برج | بیرونی اعضاء | اندرونی اعضاء |
|---|---|---|---|
| ۱ | حمل | سر سے جبڑوں تک | دماغ |
| ۲ | ثور | گردن | حلق |
| ۳ | جوزا | بازو، کندھے | پھیپھڑے |
| ۴ | سرطان | چھاتی | پستان، معدہ |
| ۵ | اسد | کمر کا اوپری حصہ، بازو | دل، ریڑھ کی ہڈی |
| ۶ | سنبلہ | پیٹ | انتڑیاں |
| ۷ | میزان | کمر کا نچلا حصہ | لبلبہ، گردے |
| ۸ | عقرب | پیڑو | اعضائے تولید |
| ۹ | قوس | کولہے اور رانیں | ریڑھ کی ہڈی نچلا حصہ |
| ۱۰ | جدی | گھٹنے | ہڈیاں |
| ۱۱ | دلو | پنڈلیاں اور ٹخنے | دوران خون |
| ۱۲ | حوت | پاؤں | جگر |

حمل: اس برج کا تعلق سر سے لے کر آنکھوں اور جبڑوں کے اوپر والے حصے سے ہے۔

ثور: اس برج کا تعلق نچلے جبڑے سے لے کر کندھے کے اوپر تک ہے۔

جوزا: جوزا کا تعلق ہاتھ، بازو، کندھے اور اعصابی نظام سے ہے۔

سرطان: اس کا تعلق سینہ، پھیپھڑے اور چھاتی کے علاوہ معدے اور ہاضمے کے اوپر والے حصہ سے ہے۔

اسد: یہ برج ریڑھ کی ہڈی، دل، شریانوں اور دوران خون سے متعلق ہے۔

سنبلہ: اس برج کا تعلق ہاضمے کے نیچے والے نظام، اعصابی نظام، انتڑیوں اور جلد سے ہے۔

میزان: لبلبہ، مثانہ اور گردے اس برج سے متعلق ہیں۔

عقرب: اس برج کا تعلق جنسی اعضاء، پیٹ کے نچلے حصے، ریڑھ کی ہڈی کے نچلے حصے اور چڑھے سے ہے۔

قوس: کولہے، رانیں اور ٹانگیں اس برج سے متعلق ہیں۔

جدی: یہ برج گھٹنوں، ان کی جلد اور ہڈیوں سے متعلق ہے۔

دلو: یہ برج پنڈلیوں، ٹخنوں اور دوران خون سے متعلق ہے۔

حوت: اس برج کا تعلق پاؤں، جگر اور ذہنی روحانی صلاحیتوں سے ہے۔

# آپ کا برج کون سا ہے؟

پہلا طریقہ:

برج معلوم کرنے کا سب سے موثر طریقہ یہ ہے کہ اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش معہ مہینہ معلوم ہو تو آپ اگلے صفحے پر دیئے گئے جدول سے اپنا برج معلوم کریں۔ برج معلوم کرنے کے لیے صرف پیدائش کی تاریخ اور مہینے کی ضرورت پڑتی ہے اس میں سال کا معلوم ہونا ضروری نہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| Aries | مریخ | حمل | ۲۱ مارچ تا ۲۰ اپریل |
| Taurus | زہرہ | ثور | ۲۱ اپریل تا ۲۱ مئی |
| Gemini | عطارد | جوزا | ۲۲ مئی تا ۲۲ جون |
| Cancer | قمر | سرطان | ۲۳ جون تا ۲۳ جولائی |
| Leo | شمس | اسد | ۲۴ جولائی تا ۲۳ اگست |
| Virgo | عطارد | سنبلہ | ۲۴ اگست تا ۲۳ ستمبر |
| Libra | زہرہ | میزان | ۲۴ ستمبر تا ۲۳ اکتوبر |
| Scorpio | مریخ | عقرب | ۲۴ اکتوبر تا ۲۲ نومبر |
| Sagitarius | مشتری | قوس | ۲۳ نومبر تا ۲۰ دسمبر |
| Capricom | زحل | جدی | ۲۱ دسمبر تا ۱۹ جنوری |
| Aquairius | زحل | دلو | ۲۰ جنوری تا ۱۸ فروری |
| Pisces | مشتری | حوت | ۱۹ فروری تا ۲۰ مارچ |

دوسرا طریقہ:

اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش معلوم نہیں تو آپ برجوں کے سامنے دیئے گئے حروف میں اپنے نام کا پہلا حرف دیکھ کر اپنا برج معلوم کر سکتے ہیں۔ مثلاً کسی کا نام عبدالغفور ہے تو اس شخص کا برج حمل ہوگا کیونکہ اس کے نام کا پہلا حرف یعنی ''ع'' برج حمل کے تحت آتا ہے۔

تاریخ پیدائش معلوم نہ ہونے کی صورت دوسرے طریقے سے برج معلوم کرنا ہو تو ضروری ہے کہ پیدائش کے وقت نام برجوں کے ذریعے ہی رکھا گیا ہو ورنہ یہ طریقہ کارگر نہیں ہو سکتا۔

اس طریقے سے برج معلوم کرنے کے لیے اگلے صفحہ پر دیئے گئے جدول سے مدد لی جا سکتی ہے۔

| عربی نام | نام کا پہلا حرف | انگریزی نام |
|---|---|---|
| حمل | ا، ع، ل، ی | Aries |
| ثور | ب، و | Taurus |
| جوزا | ق، ک | Gemini |
| سرطان | ح، ھ | Cancer |
| اسد | م | Leo |
| سنبلہ | پ، غ | Virgo |
| میزان | ت، ٹ، ر، ط | Libra |
| عقرب | ذ، ز، ض، ظ، ن | Scorpio |
| قوس | ف | Sagitarius |
| جدی | ج، خ، گ | Capricorn |

| | | |
|---|---|---|
| دلو | س،ش،ص،ث | Aquairius |
| حوت | د،چ | Pisces |

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

## برجوں کے معاشرتی تعلقات کا سرسری جائزہ

مزاج کے اعتبار سے ہر برج کے دوسرے بروج سے مختلف نوعیت کے تعلقات ہوتے ہیں مثلاً آتشی مزاج کے حامل برج کے تعلقات اپنے ہم مزاج بروج سے بہت اچھے ہوتے ہیں جبکہ اسی مزاج کے حامل برج کے تعلقات آبی مزاج یا بادی مزاج سے بالکل بھی موافقت نہیں رکھتے۔

زندگی میں کسی بھی شخص سے کاروباری، دوستانہ یا ازدواجی تعلق قائم کرنے سے پہلے ان کے برج اور برج کے مزاج کے بارے میں معلومات حاصل کر کے جائزہ لے سکتے ہیں کہ وہ شخص آپ کے مزاج سے موافقت رکھتا ہے یا نہیں۔

ذیل میں دیئے گئے جدول نمبر ۱ اور جدول نمبر ۲ کے ذریعے آپ اس کو بہتر انداز میں سمجھ سکیں گے۔

جدول نمبر ۱

| برج | موزوں | غیر موزوں | انگریزی نام |
|---|---|---|---|
| حمل | اسد، قوس | سرطان، میزان، جدی | Aries |
| ثور | سنبلہ، جدی | اسد، عقرب، دلو | Taurus |
| جوزا | میزان، دلو | سنبلہ، قوس، حوت | Gemini |
| سرطان | عقرب، حوت | حمل، میزان، جدی | Cancer |
| اسد | حمل، قوس | ثور، عقرب، دلو | Leo |
| سنبلہ | ثور، جدی | جوزا، قوس، حوت | Virgo |
| میزان | جوزا، دلو | حمل، سرطان، جدی | Libra |
| عقرب | سرطان، حوت | ثور، اسد، دلو | Scorpio |
| قوس | حمل، اسد | جوزا، سنبلہ، حوت | Sagitarius |

| | | | |
|---|---|---|---|
| جدی | ثور،سنبلہ | حمل،سرطان،میزان | Capricorn |
| دلو | جوزا،میزان | ثور،اسد،عقرب | Aquairius |
| حوت | سرطان،عقرب | جوزا،سنبلہ،قوس | Pisces |

جدول نمبر ۲:

| برج | قابل برداشت | غیر جانبدار | انگریزی نام |
|---|---|---|---|
| حمل | ثور،جوزا،دلو،حوت | سنبلہ،عقرب | Aries |
| ثور | حمل،جوزا،سرطان،حوت | میزان،قوس | Taurus |
| جوزا | حمل،ثور،سرطان،اسد | عقرب،جدی | Gemini |
| سرطان | ثور،جوزا،اسد،سنبلہ | قوس،دلو | Cancer |
| اسد | جوزا،سرطان،سنبلہ،میزان | جدی،حوت | Leo |
| سنبلہ | اسد،سنبلہ،میزان،عقرب | حمل،دلو | Virgo |
| میزان | اسد،سنبلہ،عقرب،قوس | ثور،حوت | Libra |
| عقرب | سنبلہ،میزان،قوس،جدی | حمل،جوزا | Scorpio |
| قوس | میزان،عقرب،جدی،دلو | ثور،سرطان | Sagitarius |
| جدی | عقرب،قوس،دلو،حوت | جوزا،اسد | Capricorn |
| دلو | حمل،قوس،جدی،حوت | سنبلہ،سرطان | Aquairius |
| حوت | حمل،ثور،جدی،دلو | اسد،میزان | Pisces |

تیسرا طریقہ:

اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش یاد نہیں تو آپ اپنے اور اپنی والدہ کے نام

کے اعداد کے جمل کبیر نکالیں اور اسے ۱۲ پر تقسیم کردیں۔ اگر باقی ا بچے تو برج حمل، ۲ بچے تو ثور، ۳ بچے تو جوزا، ۴ بچے تو سرطان، ۵ بچے تو اسد، ٦ بچے تو سنبلہ، ۷ بچے تو میزان، ۸ بچے تو عقرب، ۹ بچے تو قوس، ۱۰ بچے تو جدی، ۱۱ بچے تو دلو اور اگر کچھ نہ بچے تو آپ کا برج حوت ہوگا۔

| حرف | قیمت | حرف | قیمت |
|---|---|---|---|
| الف | ۱ | س | ٦۰ |
| ب،پ | ۲ | ع | ۷۰ |
| ج،چ | ۳ | ف | ۸۰ |
| د،ڈ | ۴ | ص | ۹۰ |
| ہ | ۵ | ق | ۱۰۰ |
| و | ٦ | ر،ڑ | ۲۰۰ |
| ز،ژ | ۷ | ش | ۳۰۰ |
| ح | ۸ | ت،ٹ | ۴۰۰ |
| ط | ۹ | ث | ۵۰۰ |
| ی | ۱۰ | خ | ٦۰۰ |
| ک،گ | ۲۰ | ذ | ۷۰۰ |
| ل | ۳۰ | ض | ۸۰۰ |
| م | ۴۰ | ظ | ۹۰۰ |
| ن | ۵۰ | غ | ۱۰۰۰ |

| | |
|---|---|
| Aries | حمل |
| Taurus | ثور |
| Gemini | جوزا |
| Cancer | سرطان |
| Leo | اسد |
| Virgo | سنبلہ |
| Libra | میزان |
| Scorpio | عقرب |
| Sagitarius | قوس |
| Capricom | جدی |
| Aquairius | دلو |
| Pisces | حوت |

------------

☆

علم نجوم کے حساب سے میزان ساتواں برج ہے۔جس کو انگریزی میں Libra کہتے ہیں۔کسی بھی سال ۲۴ ستمبر سے ۲۲ اکتوبر کے درمیان پیدا ہونے والے لوگ اس برج سے تعلق رکھتے ہیں۔اس برج کے زیر اثر پیدا ہونے والے لوگ متوازن جذبات وخیالات کے مالک ہوتے ہیں۔

## میزان کے دوست:

برج میزان کے تحت پیدا ہونے والے لوگوں کی دوستی دوسرے برجوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے کیسی ثابت ہوسکتی ہے۔

| | |
|---|---|
| بہترین | دلو۔جوزا |
| بہتر | عقرب۔قوس۔اسد۔سنبلہ |
| غیر یقینی | حمل۔جدی۔سرطان |
| غیر جانبدار | حوت۔ثور |

## میزان کی بیماریاں:

چیچک،دردسر،جوڑوں کا درد،درد گردہ،آنکھ کی بیماریاں،نزلہ وزکام،ریڑھ کی ہڈی کی تکلیف،معدے کی بیماریاں

## موزوں پیشے:

میزان لوگوں کے لیے درجہ ذیل پیشے وشعبے موزوں ثابت ہوتے ہیں۔

شراکتی کاروبار

درس وتدریس

جیولری،صرفہ،زرگری

سماجی بہبود کے کام

رقص، موسیقی

سٹینوگرافی

سیاست

مضمون نگاری

سفارتی مشن

مصوری پینٹنگ

ہیر سیلون۔آرائش

درآمدات و برآمدات

مجسمہ سازی

ظروف سازی

قانون

مسلح افواج

## مشہور شخصیات:

ریٹا ہیورتھ

بریجی باردوت

چارلس بوائر

بن گورین

ٹی۔ایس ایلیٹ

آسکر وائلڈ

تھامس وولف

## میزان بچہ:

میزان بچہ کی پیدائش کے بارے میں معروف منجم راموںا رڈولف یہ کہتی ہے کہ میزان بچہ کی پیدائش ایک فنکار کی پیدائش ہے۔

میزان بچہ ایک فرشتہ کی مانند ہے۔وہ شہزادوں کے نقش و نگار کا مالک اور پرکشش ہوتا ہے۔

میزان بچے طبعاً سچ کی تلاش میں رہتے ہیں۔وہ رحم دل ہوتے ہیں۔ہمیشہ غیر جانبدار رہنا پسند کرتے ہیں اور منصف مزاج ہوتے ہیں۔

میزان بچوں کو تیز روشنیوں اور تیز رنگوں سے الجھن ہوتی ہے البتہ ہلکی روشنی، مدھم سروں کی موسیقی، ہلکے رنگوں اور پرسکون ماحول سے ان کو سکون ملتا ہے۔

میزان بچے ذہین ہوتے ہیں۔منطقی ہوتے ہیں۔بحث مباحثہ کے شوقین ہوتے ہیں۔

میزان بچے تجسس پسند ہوتے ہیں۔وہ والدین اور اساتذہ سے طرح طرح

کے سوال کرتے ہیں۔

برج میزان کے تحت پیدا ہونے والے بچے بہت اچھے رویئے کے حامل ہوتے ہیں۔وہ خاموش ہوں تو بڑے پیارے نظر آتے ہیں۔

میزان لوگ سچائی کا متلاشی ذہن لے کر پیدا ہوتے ہیں۔گندگی اور بے ترتیبی سے نفرت کرتے ہیں۔فنکارانہ صلاحیتوں کے حامل ہوتے ہیں۔بہت اچھے بزنس پارٹنر ہوتے ہیں۔

میزان لوگ دوسرے تمام برجوں سے متعلق لوگوں سے زیادہ اچھے معاون اور شریک کار ثابت ہوتے ہیں۔میزان لوگ بڑے متحمل ہوتے ہیں۔وہ پریشانی و مصیبت میں بڑے تحمل اور صبر کا مظاہرہ کرتے ہیں۔اپنے مقصد کے حصول کے لیے سر دھڑ کی بازی لگا دیتے ہیں۔ان ملازمین کو ٹریڈ یونین کی سرگرمیوں سے گہری دلچسپی ہوتی ہے۔

میزان لوگ مساوی حقوق اور منصفانہ اجرتوں کے حامی ہوتے ہیں۔اگر آپ کا افسر میزان ہے تو وہ ہمیشہ آپ کے ساتھ انصاف سے پیش آئے گا۔کبھی سختی اور زیادتی نہ کرے گا۔

میزان افسر کے ماتحت خاتون عموماً اپنے افسر سے محبت کرنے لگتی ہے۔
میزان افسر کی دلکش شخصیت ماتحت عملہ کی خواتین کو بہت متاثر کرتی ہے۔وہ غیر دانستہ طور پر میزان افسر میں کشش محسوس کرنے لگتی ہے۔

میزان مہذب اور شرمیلے ہوتے ہیں۔وہ کوئی فیصلہ کرنے سے پہلے معاملے کے ہر پہلو پر اچھی طرح غور کر لیتے ہیں۔یہ افسر و حاکم منصبانہ فیصلہ کبھی نہیں کرتے۔ہر معاملے میں انصاف کے سب تقاضے پورے کرتے ہیں۔

میزان افسر اپنے گھر اور دفتر کی دیواروں کو تصویروں سے سجا کر رکھتے ہیں۔

ان کی الماریوں میں دفتری فائل بڑے قرینے سے لگے رہتے ہیں۔

میزان لوگ ہلکے رنگ پسند کرتے ہیں۔ان کا جمالیاتی ذوق بہت اچھا ہوتا ہے۔

میزان لوگ دوستی کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے۔دوستی ان کے اتنی ضروری ہے جتنا سانس لینا زندگی کے لیے۔

میزان علامت ہی اشتراک کی ہے۔یہی وجہ ہے کہ جہاں تک میزان لوگوں کا تعلق ہے وہ شادی اور دوستانہ رفاقت کے ترازو کے دونوں پلڑے ایک سے رکھتے ہیں۔

یہ لوگ خوش مزاج، آرام پسند، خلیق اور مصلحت اندیش ہوتے ہیں۔وہ چاہتے ہیں کہ جو بھی ان سے ان کو پسند کرتے اور اپنا دوست تصور کرے۔

میزان لوگوں کا حاکم سیارہ زہرہ ہے جو حسن ومحبت اور آہنگ کا سیارہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کا جمالیاتی ذوق قابل ستائش ہوتا ہے۔میزان لوگ ہمیشہ ایسا ماحول پسند کرتے ہیں جو ان کے جمالیاتی ذوق کی تسکین کرے۔

میزان لوگوں کے گہرے دوست وہ ہوتے ہیں جنہیں فنون لطیفہ سے گہری دلچسپی ہو یا پھر وہ تخلیق کار یا رفنکار ہوں۔

میزان لوگ خود بھی اچھے فنکار اور تخلیق کار ثابت ہوتے ہیں،وہ باصلاحیت ہوتے ہیں اور اپنے باصلاحیت دوستوں کے ساتھ پینٹنگ ، رنگ و روغن ، ڈیزائننگ ، آرائش وزیبائش، گھر کی سجاوٹ کے شعبوں میں شراکت پر فوراً آمادہ ہوتے ہیں۔ان شعبوں کے علاوہ یہ لوگ خوبصورتی اور حسن کے متعلق ہر شعبے میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں۔یہ لوگ سیر وتفریح کے دلدادہ ہوتے ہیں۔

میزان لوگ مہمان ہو یا میزبان آداب مجلس کا خاص خیال رکھتے ہیں۔ان

کے دوستوں میں زیادہ تعداد ان کی ہوتی ہے جو با اثر اور صاحب امتیاز ہوتے ہیں یا پھر جن کی شہر میں سماجی طور پر ممتاز حیثیت ہوتی ہے۔

میزان لوگ نئے نئے اور دلچسپ دوستوں کے اضافے میں کوشاں رہتے ہیں۔وہ اکثر اپنے دوستوں میں رومانی جوڑے بنانے کا اہم کردار ادا کرتے ہیں۔یہ لوگ موڈی ہوتے ہیں۔ان کے موڈ کے بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ بعض اوقات وہ فوراً مشتعل ہو جاتے ہیں اور معمولی سی بات کا بھی برا منا لیتے ہیں۔ یہ لوگ عدل و انصاف کی دل سے قدر کرتے ہیں۔وہ یہ کبھی برداشت نہیں کر سکتے کہ ان کا کوئی دوست ان کی موجودگی میں کسی دوسرے شخص کے ساتھ ناانصافی کرے۔

میزان مرد اور عورت دونوں دل سے انسانی بھائی چارے پر یقین رکھتے ہیں اور انسانی بھلائی کے لیے کوشاں رہتے ہیں۔

میزان والدین دوسرے تمام برجوں سے تعلق رکھنے والے والدین سے زیادہ اچھے ثابت ہوتے ہیں۔

## میزان مرد

میزان مرد ذہین اور متوازن فیصلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے لیکن اکثر میزان افراد فیصلہ کرنے وقت گومگو کی حالت میں ہوتے ہیں۔جس کا سبب یہ ہے کہ وہ دوسروں کی آراء سے بہت جلد متاثر ہو جاتے ہیں۔لیکن بڑی حد تک ان کا انداز فکر اچھا، رجائیت پسند اور مصالحانہ ہوتا ہے۔ان میں ڈپلومیسی سے کام لینے اور تعاون کرنے کی ایک فطری خواہش ہوتی ہے۔کیونکہ یہ برج شرکت کا ہے۔کیونکہ میزان افراد امن اور ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے سب کچھ کرنے پر تیار ہو جاتے ہیں۔ان کو اکثر غلط سمجھا جاتا ہے۔برا بھلا کہا جاتا ہے اور بزدل خیال کیا جاتا ہے۔

دوسرے لوگ یہ سمجھنے سے قاصر رہتے ہیں کہ میزان افراد کے اختلاف اور جھگڑے کے ماحول میں بے قرار ہو جاتے ہیں۔ وہ اپنے دل سے تصوراتی اور تکمیل کا خواہش مند ہوتا ہے۔ ہم آہنگی آرٹ حسن اور ساخت کا نہایت شاندار قدرشناس ہوتا ہے۔ اس میں لوگوں کو لبھانے اور متاثر کرنے کی بہت زیادہ طاقت ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ وہ لوگوں کو قائل کر لیتا ہے کہ نرگس کے پھول ہی بنفشہ کے پھول ہیں۔ اس برج کے تابع پیدا ہونے والا انسان طاقتور انسان بھی متذبذب ہوتا ہے۔ وہ ہر مسئلہ کے دائیں بائیں جھولتا رہتا ہے۔ اور اس کی ذہنی ترازو نتائج و عواقب کے وزن سے ہلتی رہتی ہے وہ جان محفل ہوتا ہے۔ تنہا رہنا اس کے بس کی بات نہیں ہوتی ہے۔ لوگوں کے بغیر ایک میزان مرد ایسا ہی ہوتا ہے جیسے کہ بغیر پہیوں کی گاڑی۔ وہ سماجی ملاقاتوں سے اور ان کے لوازمات سے لطف اندوز ہوتا ہے۔ اس کے لیے بہترین شام وہ ہے جہاں خوب کھانا پینا اور اس کے بے شمار گہرے دوست موجود ہوں۔ اپنے جیون ساتھی کے موڈ سے پیدا ہونے والی حساسیت کا اس کردار میں روزمرہ مشاہدہ کیا جا سکتا ہے۔ جب اس کی نجی زندگی اچھی گزر رہی ہو تو وہ ہر محفل کا روح رواں بن جاتا ہے۔

لیکن جب اس کے پر قینچ دیئے جائے ہیں تو ان کی حالت قابل رحم ہوتی ہے۔ وہ ہر مجمع اور بھرے ہوئے ریسٹورنٹ سے چپ چاپ باہر نکل جاتا ہے۔ وہ بے شمار لوگوں کے ہجوم سے خوش نہیں ہوتا ہے۔ بلکہ بند جگہوں سے خوف کھاتا ہے۔ جہاں وہ لوگوں میں گھل مل کر بیٹھنا پسند کرتا ہے۔ وہاں وہ اپنے ذہن پر کوئی بوجھ برداشت نہیں کر سکتا ہے۔ یاد رکھیں یہ محبت کو بہت زیادہ اہمیت دیتا ہے اور بڑھاپے میں بھی اپنے جیون ساتھی میں دلچسپی لیتا ہے اور اگرچہ تو ازن خراب ہو جانے کے خوف سے وہ اس بات پر جھگڑا نہیں کرتا ہے۔

# میزان عورت

میزان عورت ہمدرد، مہربان، اور محبت کرنے والی ہوتی ہے۔ وہ دوسرے لوگوں کے جذبات کا خیال رکھتی ہے اور چونکہ چونکہ امن وسکون پسند کرتی ہے۔ اس لیے وہ دوسرے لوگوں کے ساتھ ہم آہنگی سے رہتی ہے۔ سماجی تعلقات کو بڑی اہمیت دیتی ہے، لیکن ان سے زیادہ اسے ایک جیون ساتھی کی ضرورت ہوتی ہے۔ تا کہ وہ اپنی خواہشات کی سچی تکمیل کر کے خوش رہ سکے۔ اگر ایک شادی نا کام ہو جاتی ہے تو وہ دوسری شادی کرنے میں دیر نہیں لگاتی۔ لیکن جب وہ تنہا ہو تو اس کی انانیت منقلب ہو جاتی ہے۔ وہ دوسرے لوگوں کی پسند یا ناپسند پر بڑی حد تک بھروسہ کرتی ہے۔ کیونکہ وہ جو کچھ کرتی یا کہتی ہے یہ لوگ اس کی بہت تعریف کرتے ہیں۔ یہ حسن پرست اور فنکار خاتون ہوتی ہے۔ اس حسن متناسب، خطوط اور رنگ اعلی درجے کے ہوتے ہیں۔ وہ اپنے لباس کے کپڑے اور تراش کا بڑا خیال رکھتی ہے۔ وہ ملائم، ریشم، چکنی، ساٹن اور نازک لیس پسند کرتی ہے۔ وہ ہمیشہ میوزک اور دوسری سماجی تفریحات پسند کرتی ہے۔

چونکہ نہایت نازک مزاج ہوتی ہے۔ اس لیے بے ڈھنگے اور گندے کام پسند نہیں کرتی ہے۔ وہ بڑی با اخلاق اور شائستہ ہوتی ہے۔ اخلاق حمیدہ کو بڑی اہمیت دیتی ہے۔ وہ خود ان کا مظاہرہ کرتی ہے اور دوسروں سے بھی یہی توقع رکھتی ہے۔ اگر ناموافق حالات میں زندہ رہنے پر اسے مجبور کر دیا جائے تو وہ اپنی ذات کے خول میں چھپ جاتی ہے۔ اس خاتون میں میزان مردوں کی بہت سی خصوصیات مشترک ہوتی ہیں۔ اس میں منطقی استدلال اور بحث کرنے کی اتنی زبردست صلاحیت ہوتی ہے کہ بعض اوقات دوسرے لوگ خود کو جاہل خیال کرنے لگتے ہیں۔ وہ معمولی سی بات پر بحث کرنے لگتی ہے، لیکن جب دوسرا فریق غصہ، جارحیت یا بدتمیزی پر اتر

آئے تو وہ دوبارہ بات نہیں کرتی ہے۔

میزان عورت اپنی شوہر کے لیے طوق غلامی پہن کر رہنا نہیں چاہتی ہے۔وہ کبھی اس کو گھسیٹ کر دلدل میں پھینکنا پسند نہیں کرتی ہے۔ بلکہ ہر وقت اس کی مدد کرنے کے لیے تیار رہتی ہے۔وہ کبھی یہ شکایت نہیں کرتا ہے کہ یہ مجھ سے محبت نہیں کرتی ہے۔ کیونکہ وہ خرگوش کے بچے کی طرح محبت کرتی ہے۔اس کی سب سے بڑی خواہش یہ ہوتی ہے کہ اپنے شوہر کے ماتھے پر شکن بھی نہ آنے دے۔

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

# میزان کے تعلقات

## مس حمل اور میزان:

حمل عورت اور میزان مرد کا ملاپ غیر یقینی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ یہ دونوں اچھے جیون ساتھی ثابت نہیں ہوتے ہیں۔ ان دونوں میں ہمیشہ جنگ وجدل کا بازار گرم رہے گا۔ ان کی زندگی اسی طرح لڑتے لڑتے گزر جائے گی، بہتر یہی ہے کہ یہ دونوں اس شادی سے پرہیز کریں۔ ورنہ نتائج اچھے نہ ہوں گے اور اگر ان دونوں کی شادی لازمی ہے تو ان کو اس بات کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے کہ اپنے اپنے غصے پر قابو رکھیں۔ ایک دوسرے کے جذبات کا احترام کریں۔ ایک دوسرے کا کہا مانیں گے۔ اسی صورت میں یہ شادی کامیاب ہوسکتی ہے۔

## مس ثور اور میزان:

ثور عورت بھی حمل عورت کی طرح میزان مرد کے لیے موزوں نہیں ہے۔ ان دونوں میں بھی ہمیشہ لڑائی جھگڑا ہوتا رہے گا۔ ان دونوں کی بہتری اسی میں ہے کہ یہ دونوں شادی نہ کریں۔ ورنہ دوسری صورت میں علیحدگی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہو گا۔ اگر شادی لازم ہے تو ان دونوں کو چاہیے کہ ایک دوسرے کی منفی خصوصیات کو بھلا کر مثبت خصوصیات پر نظر رکھیں۔ ایک دوسرے کے جذبات کا احترام کریں۔ اسی صورت میں ان کی شادی کامیاب ہوسکتی ہے۔

## مس جوزا اور میزان:

جوزا عورت اور میزان مرد کا ملاپ بہترین ہے۔ جوزا عورت میزان مرد کا ہر طرح سے خیال رکھتی ہے۔ میزان مرد بھی جوزا عورت کا احترام کرتا ہے۔ ان کی زندگی اتفاق اور عیش وعشرت سے گزرتی ہے۔ گاہے گاہے لڑائی ہوتی ہے۔ مگر جلد

صلح ہو جاتی ہے۔غرض یہ دونوں اچھے جیون ساتھی ثابت ہوتے ہیں۔

## مس سرطان اور میزان :

میزان اور سرطان عورت کا ملاپ غیر یقینی ہے۔ یہ دونوں اچھے جیون ساتھی ثابت نہیں ہوتے ہیں ۔ ہر وقت ان دونوں میں لڑائی جھگڑا رہتا ہے، اکثر ایک دوسرے سے الجھ جاتے ہیں۔اور ان کی زندگی لڑائی جھگڑا کرتے ہوئے گزرتی ہے، بہتر یہی ہے کہ یہ دونوں شادی نہ کریں۔

## مس اسد اور میزان :

ان دونوں طالعوں کا ملاپ بہتر ہے۔یعنی میزان مرد اور اسد ایک دوسرے کے اچھے جیون ساتھی ثابت ہوتے ہیں۔ایک دوسرے کے دیئے ہوئے مشوروں پر عمل کرتے ہیں۔غرض ان کی زندگی خوش وخرم گزرتی ہے۔

## مس سنبلہ اور میزان :

سنبلہ عورت اور میزان مرد کا ملاپ بہتر ہے۔یعنی یہ ایک دوسرے کے اچھے جیون ساتھی ہوتی ہے۔گاہے گاہے منہ کا ذائقہ تبدیل کرنے کے لیے جھگڑ لیتے ہیں۔مگر ادھر لڑائی کرتے ہیں ادھر صلح کر لیتے ہیں۔ان کی زندگی اتفاق اور عیش و عشرت میں گزرتی ہے۔

## مس میزان اور میزان :

میزان عورت اور میزان مرد کا ملاپ سونے پہ سہاگہ ہے۔ یہ دونوں اچھے جیون ساتھی ثابت ہوتے ہیں۔ایک دوسرے کے جذبات کا احترام کرتے ہیں۔ ایک دوسرے کی خوشی کے لے طرح طرح کے کام کرتے ہیں۔کبھی ان میں لڑائی بھی ہو جاتی ہے مگر یہ لڑائی وقتی ہوتی ہے۔ان کی محبت عمر کے ساتھ ساتھ بڑھتی رہتی

ہے۔غرض یہ دونوں اچھے جیون ساتھی ثابت ہوتے ہیں۔

## مس عقرب اور میزان:

مس عقرب اور میزان مرد کا ملاپ بہتر ہے یعنی یہ ایک دوسرے کے اچھے جیون ساتھی ثابت ہوتے ہیں، گاہے گاہے لڑائی ہوتی ہے، مگر ان کی یہ لڑائی کوئی سنگین رخ اختیار نہیں کرتی ہے۔ان کی زندگی بھی خوش وخرم گزرتی ہے۔

## مس قوس اور میزان:

موافقت ہے۔ان کی زندگی مہر ومحبت کے ساتھ گزرتی ہے۔یہ دونوں ایک دوسرے کے اچھے جیون ساتھی ثابت ہوتے ہیں۔کبھی کبھی لڑائی جھگڑا اور فتنہ فساد بھی ہوتا ہے، مگر چند لمحوں کے لیے۔غرض یہ اچھے جیون ساتھی ہوتے ہیں۔

## مس جدی اور میزان:

ان دونوں طالعوں میں موافقت اور لطف وعنایت بالکل نہیں ہے۔ہمیشہ ان دونوں کے درمیان جنگ وجدل کا بازار گرم رہے گا۔بہتر یہی ہوگا کہ یہ باہم شادی نہ کریں۔ورنہ اس شادی کا انجام اچھا نہ ہوگا۔

## مس دلو اور میزان:

لطف وعنایت بہت ہے۔ان کی زندگی اتفاق اور عیش وعشرت کے ساتھ گزرتی ہے۔ہمیشہ ایک دوسرے کے جذبات کا خیال رکھتے ہیں۔ایک دوسرے کی بات مانتے ہیں۔کبھی کبھار منہ کا ذائقہ تبدیل کرنے کے لیے دونوں جھگڑ بھی پڑتے ہیں مگر جلد صلح کر لیتے ہیں۔ان کی زندگی دوسروں سے بہت اچھی گزرتی ہے۔

## مس حوت اور میزان:

حوت عورت اور میزان مرد کی شادی بہتر نہیں ہے۔دونوں لڑتے لڑتے

زندگی گزار دیں گے۔بہتری اسی میں ہے کہ یہ دونوں شادی سے باز رہیں۔تا کہ بعد میں پچھتانا نہ پڑے اور اگران دونوں نے شادی کر لی تو اس کا انجام وہ خود مانتے ہیں۔

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

# میزان کا فطری تجزیہ

جذبات واحساسات کا سیارہ زہرہ آپ پر اثر انداز ہو رہا ہے۔ آپ کی فطری طور پر مادہ پرست اور جملہ کوششوں کے نتائج ہمیشہ مثبت رہتے ہیں۔ آپ دراصل زندگی کو پسند کرتے ہیں۔ جو زمین کا حسن ہے اور اس کے ہر آنے والے لمحہ کے انوکھے پن سے آپ لطف اندوز ہونا چاہتے ہیں۔ آپ ہر کسی کے دست نگر بن کر رہنا پسند نہیں کرتے ہیں۔ اپنے پرسکون اور خوشگوار طریقہ سے آپ اتنا زیادہ کام کر لیتے ہیں کہ کسی بھی حمل فرد سے مقابلہ کر سکتے ہیں۔

بہت سے نجومیوں نے آپ کے غصے کا حوالہ دیا اور اسی وجہ سے آپ کو ''جنگجو'' کا خطاب دیا جاتا ہے۔ اس کے باوجود جب آپ اپنے موقف پر اڑ جاتے ہیں تو آپ کی طاقت اپنے نقطۂ عروج پر ہوتی ہے جس مضبوطی اور مستقل مزاجی سے آپ اپنے قدم جمائے رکھتے ہیں یہ آپ ہی کا حصہ ہے۔ آپ پلک جھپکتے ہی جیت جاتے ہیں۔ آپ کے اندر ان صدمات کو برداشت کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے جن کے مقابلہ میں سورماؤں کی ایک پوری بٹالین کے قدم اکھڑ جاتے ہیں۔ آپ جو کام شروع کردیں اس کو ختم کر کے ہی دم لیتے ہیں۔ آپ فرض شناس کے معنی خوب سمجھتے ہیں۔

ہاں یہ سچ ہے کہ تعلقات قائم رکھنے میں آپ سخت مزاجی کے لیے بدنام ہیں، لیکن جب دشمن شکست کھا کر بھاگ نکلا ہو اور تماشائی بھی اپنے گھروں کو چلے گئے ہوں تب بھی آپ رنگ ہی میں رہتے ہیں اور انتظار کرتے ہیں کہ احساس محرومی کا شکار آپ کا عاشق واپس آ کر آپ کی آغوش میں سما جائے۔

# تاریک پہلو

عشرہ اول کے میزان افراد کو ''ذخیرہ اندوز'' بھی کہا جا سکتا ہے۔ آپ کسی شخص یا چیز کو ہاتھ سے نکلنے نہیں دیتے ہیں۔ کیا آپ کے پاس ابھی تک بچپن کا ٹیڈی بیئر (ریچھ کھلونا) موجود نہیں ہے؟ یہ کھلونا آپ کو اس وقت ملا تھا جب آپ کی عمر پانچ سال کی تھی اور جب پہلی مرتبہ آپ کا دل ٹوٹا تھا تو کیا آپ نے اس کو بھلا دیا ہے؟ ٹھیک ہے آپ کی الماریوں میں تمام چیزیں نہایت صاف ستھری اور ترتیب سے رکھی ہوئی ہیں، لیکن آپ ان کو نیلام میں فروخت کر کے فالتو سامان سے اپنی جان کیوں نہیں چھڑا لیتے ہیں؟

ذرا شرلے میلگن کی طرف دیکھئے۔ وہ بڑی ٹیلنٹڈ اور نہایت خوب صورت اداکارہ ہے لیکن ابھی تک اس کے پاس ماجی کی یادگاریں محفوظ ہیں جن کو اپنے سینہ سے لگائے رکھتی ہے۔

اپنے تاریک ترین موڈ میں عشرہ اول کے میزان افراد اپنے پرانے اور ریکار سانڈ کے غصہ کو بھی نہیں بھولتے ہیں۔ ماضی میں آپ کے مجروح جذبات کو آپ ابھی تک خود سے جدا نہیں کر سکے ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ آپ نے اپنے دل میں قسم کھا رکھی ہو کہ ''غصہ کرنے میں اگرچہ آپ آہستہ روی سے کام لیتے ہیں، لیکن بھولتے کبھی نہیں ہیں۔''

اس عادت کا انجام یہ ہوتا ہے کہ منفی رجحانات آپ کو توڑ پھوڑ کر رکھ دیتے ہیں۔ کیونکہ کوئی دوسرا نہیں بلکہ آپ ہی اپنے سب سے بڑے دشمن ہوتے ہیں بھلا آپ کا مقابلہ کر سکتا ہے۔

# روشن پہلو

آپ اپنا سبق یاد رکھتے ہیں عام سمجھ بوجھ کے بے شمار ذخیرہ کے باعث آپ شاذو نادر ہی ایک جیسی غلطی دوبارہ کرتے ہیں۔آپ کے لیے زندگی لازمی بہت اچھی ہوتی ہے۔اور آپ ہمیشہ یقین اور استقامت کے ساتھ قدم آگے بڑھاتے ہیں۔

آپ کی ذخیرہ اندوز "فطرت کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ آپ کی یاد داشت بہت شاندار ہوتی ہے۔آپ کے اندر حقیقت پسندانہ خوداعتمادی ہوتی ہے جو کہ آپ کے نزدیکی ہمسایہ حمل کی مانند نہ تو جذبات کے بھڑکنے سے پیدا ہوتی ہے اور نہ مبالغہ آرائی سے۔"

جہاں تک روپے کالین دین کا مسئلہ ہے۔اس معاملہ میں آپ جینئس معلوم ہوتے ہیں۔سچ تو یہ ہے کہ آپ نہ تو کنجوس ہیں اور نہ فضول خرچ۔اس کے بجائے آپ آہستہ آہستہ اپنا سرمایہ بڑھاتے رہتے ہیں اور بجائے اس کے کہ اردگرد کے لوگوں پر رعب جماتے ہیں کہ "میں مالدار ہو گیا ہوں"۔ کیونکہ آپ کے اندر مادی اشیاء کی قیمت کا بڑا شعور ہوتا ہے۔آپ اپنے جمع کردہ ایک ایک پیسہ کو اپنے لیے اشرفی بنا دیتے ہیں۔

اجنبی لوگوں کے ساتھ رہ کر آپ خود کو شرمیلا یا محتاط خیال کرتے ہیں۔یہاں تک کہ دوستوں اور خاندان کے افراد سے کھل کر بات نہیں کرتے۔اس کے باوجود ہر شخص آپ کو اپنا سمجھتا ہے۔

# میزان مرد......باحوصلہ،عقل مند

ایک میزان مرد اپنے برج کی علامت بیل کی جری اور آہنی عزم کا مالک ہوتا ہے۔وہ جو چاہتا ہے اس کو پوری طرح جانتا بھی ہے اور ضرورت کے وقت کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کرتا ہے اور نہ ہی اپنی قربانی کا شکوہ کرتا ہے۔میزان عورت میزان مرد سے فوراً متاثر ہو جاتی ہے کیونکہ وہ جانتی ہے میزان مرد صرف باتوں ہی سے دل نہیں بہلاتا ہے بلکہ باتوں پر عمل کر کے دکھاتا ہے دونوں کی بہت سی خصوصیات آپس میں ملتی جلتی ہوئی ہیں دونوں کو مظاہر قدرت سے گہرا لگاؤ ہوتا ہے دونوں پودوں اور سبزہ زار کے رسیا ہوتے ہیں اور پودے اور سبزہ اگا کر خوش ہوتے ہیں۔دونوں کو شہر سے دور سر سبز ماحول میں اور پرسکون ندی کے کنارے مکان بنا کر رہنے کا شوق ہوتا ہے دونوں کا شہر کے ہنگامے اور نائٹ کلبوں کے شور سے الجھن ہوتی ہے دونوں کی رفاقت کامیاب ہوتی ہے۔

میزان عورت کو بچے پسند ہوتے ہیں اور میزان مرد بینک بیلنس بڑھانا پسند کرتے ہیں۔میزان مرد اور عورت دونوں کی یادداشت بہت بہتر ہوتی ہے دونوں بری باتوں کو کبھی فراموش نہیں کرتے ہیں۔ میزان مرد اور عورت دواؤں کے استعمال میں پس وپیش سے کام نہیں لیتے ہیں۔وہ گھنٹوں فرش پر سونا پسند کرتے ہیں۔

دونوں خلوت کے اچھے ساتھی ہوتے ہیں۔دونوں کی جنسی زندگی خوشگوار اور پرمسرت گزرتی ہے۔دونوں کا قرب دولت اور مادی آسائش کا باعث بھی ہوتا ہے دونوں جذباتی جوشیلے اور محبت کرنے والے ہوتے ہیں۔دونوں مضبوط، صابر اور ثابت قدم ہوتے ہیں۔تاہم دونوں کھانے پینے دولت اور جنس میں کسی سے بھی حد سے بڑھ کر رسیا بھی ثابت ہو سکتے ہیں۔دونوں کئی لحاظ سے مطابقت بھی رکھتے

ہیں۔

دونوں کی رفاقت ہر لحاظ سے کامیاب اور مکمل ثابت ہوتی ہے۔ دونوں اچھے جیون ساتھی ثابت ہوتے ہیں وہ کسی کے معاملے میں مخل ہونا پسند نہیں کرتے اور نہ چاہتے ہیں کہ کوئی ان کے معاملات میں مخل ہو۔ دونوں اپنی دھن میں مگن اور اپنے کام سے کام رکھنے والے ہوتے ہیں۔

میزان مرد کے جذبات کو آسانی سے نہیں حاصل کیا جا سکتا ہے۔ بہر کیف جب وہ کسی لڑکی سے محبت کرنے لگتا ہے تو پھر کوئی بھی دوست یا رشتہ دار اس کو محبت سے باز رکھنے میں کامیاب نہیں ہوسکتا۔ پھر وہ کسی بات کی دولت یا شہرت کی پروا نہیں کرتا ہے وہ سچی محبت کرتا ہے اور وفا شعار ہوتا ہے جس کو چاہتا ہے دل سے چاہتا ہے اور کبھی ہرجائی ہونے کا ثبوت نہیں دیتا۔ محبت میں میزان نہایت رومانی ہوتا ہے اور اگر اس کی جوڑی اس کی فطرت کے مطابق مل جائے تو بہت جلد حلیم الطبع، گھریلو اور پیار کرنے والا مرد بن جاتا ہے۔ ابتداء میں محبت کا سلسلہ کتنا ہی جذباتی کیوں نہ ہو یہ تعلق بہت جلد گرم جوشی سے دوستانہ بن جاتا ہے اور اس پر زور ڈالتا ہے کہ وہ شادی کر کے خوش وخرم زندگی گزرے۔ میزان ایک وفادار اور شاکر قسم کا شوہر ہوتا ہے۔

میزان عورت کی ایک خصوصیت یہ ہوتی ہے کہ جب وہ کسی سے محبت کرتی ہے تو پھر اس کی ہو کر رہتی ہے اس کے دل سے کسی کی محبت نکالنا آسان نہیں اس کی محبت پائیدار ہوتی ہے وہ اپنے محبوب کا زندگی کی آخری سانس تک انتظار کر سکتی ہے وہ صحیح معنوں میں دل صرف اور صرف ایک بار دیتی ہے۔ میزان عورت جس بات کا تہیہ کر لیتی ہے اسے پورا کر کے دم لیتی ہے وہ اپنے لیے بار بار مرد نہیں بدلتی ہے۔

# میزان عورت کا حصول

میزان کا حکمران سیارہ زہرہ ہے اور اگر میزان عورت اپنی فطرت کے مطابق پیدا ہوتی ہے تو بڑی خوبصورت اور دیدہ زیب ہوتی ہے۔

آپ اس کو نہایت جذباتی پیار کرنے والی اور مردوں کے لیے قابل کشش پائیں گے۔ غالباً اس کا دل جیتنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اس پر پوری توجہ دی جائے اور اس سے پیار کیا جائے۔

وہ چاپلوسی پسند کرتی ہے حالانکہ اسے معلوم ہوتا ہے اور وہ بعض اوقات تسلیم بھی کر لیتی ہے کہ میری چاپلوسی ہو رہی ہے جس کا مقصد اس کے جذبات کو ابھارنا ہوتا ہے۔

وہ تحفے لینا پسند کرتی ہے خواہ وہ عملی زندگی میں کچھ کام نہ آئیں جیسے کہ خوشبویات پھول زیورات وغیرہ کیونکہ وہ تحفے سے زیادہ جذبہ کی قدر کرتی ہے اور اگر چہ لباس اور دوسرے لوازمات آرائش میں اس کا ذوق جبراً وصول کرنا ہوتا ہے اس کے باوجود وہ یہ نہیں چاہتی ہے کہ مجھے بہت زیادہ قیمتی تحفہ دیا جائے۔

# باذوق میزان

آپ کی میزان محبوبہ اعلیٰ درجہ کی باذوق اور رومانی ہوتی ہے اگرچہ وہ بظاہر ماڈرن نظر آتی ہے لیکن اپنے دل کی گہرائیوں سے یہ چاہتی ہے کہ پرانے فیشن کے مطابق اس سے اظہار محبت کرکے اس کا دل جیت لیا جائے جیسے کہ شہزادے اور شہزادیوں کی کہانیاں سنائی جاتی ہیں۔

اس کے ساتھ گزارہ کرنا نہایت آسان ہوتا ہے وہ گفتگو کرنے کی ماہر ہوتی ہے اور سماجی زندگی میں اپنی برتری قائم رکھتی ہے اسی طرح کاروبار یا اسپورٹ کی دنیا میں بھی اپنی قابلیت کا لوہا منوا لیتی ہے اگر آپ کی اس سے پہلی ملاقات کسی سماجی تقریب میں ہوتی ہے تو آپ اپنی پسندیدہ ذہانت سے اس کو متاثر کرسکتے ہیں البتہ گفتگو اگر علیحدہ بیٹھ کر کی جائے تو اچھے نتائج برآمد ہوتے ہیں اور اگر آپ کی اس سے پہلی ملاقات کاروباری ماحول میں ہوتی ہے تو آپ کو اپنے کام میں ماہر ہونے با اصول اور با قاعدہ ہونے کا تاثر دینا بہترین ثابت ہوگا وہ اپنے آئیڈیل کے مطابق آپ کا اندازہ لگائے گی اس لیے اسے وقت دیئے بغیر اس پر اپنی کوئی کمزوری ظاہر نہ ہونے دیں۔

اچھے کھانوں سے وہ بہت خوش ہوتی ہے وہ نئے مقامات پر جا کر کھانا کھانا پسند کرتی ہے اور خواہ کسی ریسٹورنٹ میں ہو یا گھر کے باورچی خانہ میں وہ نئے قسم کے کھانے سے بڑی خوش ہوتی ہے۔

# احتیاط

اس کے انداز فکر کو تبدیل کرنے کی کوشش نہ کریں کیونکہ وہ یہ سمجھتی ہے کہ مجھے اپنی ذاتی رائے رکھنے کا حق حاصل ہے۔

وہ اپنے طور طریقوں سے کام کرتی ہے اس لیے آپ اسے اس کی مرضی کے خلاف کہیں جانے یا کسی سے ملنے پر مجبور نہ کریں۔

اس کے ساتھ جھگڑا یا بحث مباحثہ نہ کریں وہ پراگندگی یا جھگڑے سے شدید نفرت کرتی ہے۔ کیونکہ وہ اپنا شائستہ تقریر و تحریر پسند کرتی ہے اس لیے بات کرتے وقت قواعد کے اصولوں اور الفاظ کے انتخاب کا خیال رکھیں۔

روپے پیسے کے معاملہ میں خودغرض کنجوس یا طنزیہ انداز اختیار نہ کریں کیونکہ اس کی فطرت میں سخاوت ہوتی ہے اور وہ ایسی باتیں پسند نہیں کرتی ہے۔

# کفایت شعار

میزان عورت ، میزان مرد کے خلاف زیادہ نرم مزاج ہوتی ہے وہ بھی مالی امور میں جادوگرنی ہوتی ہے۔اگر چہ وہ کنجوس نہیں ہوتی ہے لیکن تھوڑا تھوڑا جوڑ کر زبردست بینک بیلنس بنا لیتی ہے جس کا خاص سبب یہ ہوتا ہے کہ اس کی وجہ سے وہ خود کو محفوظ خیال کرتی ہے۔

اس کے ساتھ ہی وہ اسباب تعشیات سے بھی محبت رکھتی ہے۔جس کو روپے کی بدولت حاصل کیا جا سکتا ہے۔لیکن وہ ایک حد تک متضاد صفات کی حامل ہوتی ہے۔مہینوں تک جمع کرنے اور وقت کی ضروریات سے بچت کی تکلیف برداشت کرنے کے بعد اچانک خریداری کرنے کے لئے دریا دل بن جاتی ہے اور ہر اچھی چیز حاصل کرنا چاہتی ہے۔

اسے اچھے دوست، اچھی تفریح اور اچھا کھانا بہت پسند ہے۔اس کی وجہ سے وہ مشکل میں گرفتار ہو جاتی ہے۔کیونکہ بے تحاشا کھانے پینے سے اس پر چربی چڑھ جاتی ہے مخصوص قسم کی میزان عورت اپنا مٹاپا دور کرنے کے لیے ڈائٹنگ کرتی رہتی ہے۔

یہ کوئی خواب دیکھنے والی یا تصوراتی خاتون ہوتی ہے لیکن زیادہ تر اس کا انداز فکر تعمیری اور مستحکم ہوتا ہے وہ قسمت پر کبھی بھروسہ نہیں کرتی ہے بلکہ اپنے کاروبار میں سخت محنت کر کے انعام حاصل کرنا چاہتی ہے وہ آہستہ آہستہ اپنی کامیابی کی ٹھوس بنیادیں تعمیر کرتی رہتی ہے۔

وہ ہر کام ایک قاعدے کے مطابق کرنا پسند کرتی ہے اور بڑی منظم ہوتی ہے ایک مرتبہ جب وہ پکا ارادہ کر لیتی ہے کہ مجھے کیا کرنا ہے تو پھر کام کرنے کے لیے بہترین راستہ اختیار کر لیتی ہے جس پر وہ بغیر کسی رکاوٹ کے چلتی رہے۔

میزان کی رسوائے زمانہ سختی کا اس کے نزدیک یہ مطلب ہوتا ہے کہ جب وہ کوئی ارادہ یا فیصلہ کر لیتی ہے تو پھر ہٹتی نہیں ہے کوئی عقلمند آدمی اس کو طعنہ زنی کرنے یا اس سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی کوشش نہیں کرتا ہے۔ کیونہ وہ سخت ناراض ہو جاتی ہے اگر چہ وہ بہت کم اپنے غصہ کا اظہار کرتی ہے لیکن جب اس کی آنکھیں سرخ ہو جاتی ہے اور اس کی خوبصورت ایڑیاں زمین میں گڑ جاتی ہیں تو اس کی نظر سے دور ہو جانا ہی بہتر ہوتا ہے۔

## رومان پرور

یہ بات ہرگز نہ بھولیں کہ وہ بہر حال ایک عورت ہے جسمانی کشش اس کے نزدیک بڑی اہمیت رکھتی ہے۔

وہ دکھاوے کی محبت نہیں کرتی ہے وہ اپنے تعلقات میں راست اقدام کرتی ہے ایک بات وہ ہرگز برداشت نہیں کر سکتی ہے اور وہ یہ احساس ہے کہ اسے رسی سے باندھ کر رکھا جا رہا ہے یہ کہ جس شخص سے وہ محبت کرتی ہے وہ اس گرم جوشی سے اس کا ردعمل نہیں کرتا ہے اور اس طرح بہت تعلقات ختم کر دیتی ہے۔ کیونکہ وہ اس بات پر اصرار کرتی ہے کہ مجھے صاف صاف بتا دو کہ میرے لیے تمہارے دل میں کیا بات ہے۔ وہ چاہتی ہے کہ لٹکا کر رکھنے سے صاف طور پر مسترد کر دینا بہتر ہوتا ہے تا کہ کوئی شخص وہم میں مبتلا نہ رہے۔

وہ آسانی سے محبت نہیں کرتی ہے۔ لیکن جب محبت کرتی ہے تو بالعموم ساری زندگی کرتی رہتی ہے۔

جب ایک مرتبہ اسے احساس ہو جائے کہ میں اپنے مرد جیون ساتھی پر اعتماد کر سکتی ہوں تو وہ ٹوٹ کر محبت کرتی ہے جس کا وہ برملا اظہار کرتی ہے اور پاگل پن کی حد تک رومانی ہوتی ہے۔ وہ ہمیشہ غیر متوقع طور پر تحفے حاصل کرنا چاہتی ہے مثلاً

پھول یا دو آدمیوں کا ڈنر جو اس کے نزدیک محبت کا لازمی جزو ہیں۔

## فن شناس

آخری بات یہ ہے کہ میزان خاتون ایک حد تک فنکارہ ہوتی ہے اگر وہ فی الواقع ایک فنکارہ نہیں ہے تو وہ فن سے محبت کرتی ہے بشرطیکہ وہ اس کا خرچ برداشت کر سکے۔ اگر اس کی مالی حالت درست ہے تو اس کے گھر نوادرات کا ڈھیر لگا ہو گا۔

جنس مخالف کو ایک بات ذہن میں رکھنی چاہیے کہ یہ خاتون محبت کو ایک آرٹ خیال کرتی ہے اس لیے گا ہے بگا ہے کی ملاقات کے خلاف ہوتی ہے۔

# میزان کا اسٹار گائیڈ

## جنوری:

ایک کامیابی حاصل کرنے کے باوجود موسم گرما میں کچھ سرسراہٹ ہوتی رہے گی۔صرف کاروبار میں آپ پوری تن دہی سے لگے رہیں گے اور آپ کا میزانی استقلال سودمند ثابت ہوگا۔

## فروری، مئی، دسمبر:

دراصل ابتدائی دور میں حاصل ہونے والی رقم کو آپ سرمایہ کاری یا دیہات میں مکان بنانے پر صرف کردیں گے۔یہ بات اچھا اقدام ہے۔

## مئی:

اس مہینے میں آپ اپنی سلامتی کے تحفظ کی خاطر ادھر اُدھر رقم لٹاتے رہیں گے کیونکہ آپ کو ایک آرام دہ مکان کی ضرورت ہے۔

## جون:

آپ لڑکیوں کی طرح شرماتے رہے ہیں اور اپنی مرضی پر زور دیتے رہے ہیں۔آپ کی جولانی طبع نے بہت سے نئے دوست بنا لیے تھے خاندان کے ایک فرد سے محبت آمیز سلوک کریں جو محبت کی زبان ہی نہیں سمجھتا ہے یا سمجھنا نہیں چاہتا ہے اور ان حالات کو قبول کرلے گی جن کو تبدیل نہیں کیا جاسکتا ہے۔

## اگست:

کسی آزادانہ کاروبار میں بہت فائدہ ہوا ہے۔کوئی جائداد کا سودا بھی ہوگا۔ بہرحال کاروبار چمک رہا ہے۔۲۵ تاریخ کو محبت آمیز خطوط بھی ملے ہوں گے۔وہ

خصوصی توجہ چاہتا ہے۔

ستمبر:

مفت کا مال مفت ہاتھ سے نکل جائے گا۔

لاپرواہی سے رقم خرچ کریں گے اور ایک مسئلہ پیدا ہو جائے گا۔ اپنے شریک حیات سے معمولی بات پر شکایت نہ کریں بلکہ دانش مندی سے کام لیں۔ فطری طور پر حالات درست ہو جائیں گے۔ بعد ازاں دندان ساز کے پاس جانا نہ بھولیے۔

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

# میزان عورت کا آئیڈیل

غالباً میزان عورت کو بھی اپنا آئیڈیل پارٹنر ان ہی بروج میں مل سکتا ہے جن میں اس کے بھائی میزان کو ملتا ہے یہ سرطان، سنبلہ یا جدی ہو سکتے ہیں کیونکہ ان تینوں کو دراصل اپنی مالی ذمہ داری کا احساس ہوتا ہے اور اپنے ذہنی سکون کے لیے جس تحفظ کی اسے ضرورت ہوتی ہے وہ یہی فراہم کر سکتے ہیں۔

ایک میزان خاتون جس نے سارے شہر کے لوگوں سے قرض لیا ہوتا ہے دنیا میں کبھی خوش نہیں رہ سکتی ہے اور جب تک اس کو یہ یقین نہیں ہو جاتا ہے کہ آئندہ قرض کہاں سے ملے گا تو وہ جھنجھلاہٹ میں ہر چیز پر اپنا غصہ اتارنے لگتی ہے اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ وہ یہ چاہتی ہے کہ زندگی میں با اثر بن کر رہے اور یہی وہ مقام ہے جہاں اس کا آئیڈیل جیون ساتھی سامنے آجاتا ہے۔

## محبت کی خواہش مند

وہ جس معیار زندگی کی عادی ہوتی ہے اس کو برقرار رکھنے کے لیے اس معیار کو چاہیے کہ وہ بھی اپنے اطوار و کردار میں رومانیت پیدا کرے اس خاتون کے لیے محبت اور وفاداری بڑی اہمیت رکھتی ہے اور اگر وہ یہ چیزیں اس کو دے دیتا ہے تو پھر اس کے بدلے میں دل و جان سے اس کی وفادار بن کر رہے گی۔

## خوش مزاج انسان

اس کو ایک خوش مزاج انسان کی ضرورت ہوتی ہے وہ اس بات کی بھی پروا نہیں کرتی ہے اگر وہ گاہے بگاہے کسی سے آنکھ لڑا لیتا ہے یا کسی خوبصورت ہمسائی کو سڑک پار کروا دیتا ہے لیکن وہ اگر حد سے تجاوز کر جائے تو پھر وہ طوفان برپا کر دیتی ہے وہ ایک ایسے مرد کو پسند کرتی ہے جو اسی کی طرح پیٹو ہو اگر وہ کہتی ہے کہ میں دن

دس مرتبہ کھاؤں گی تو اس مرد کو بھی اس کا ساتھ دینا پڑے گا۔علاوہ ازیں اس کا آئیڈیل پارٹنر ایسا ہونا چاہیے جو گھریلو زندگی کو پسند کرتا ہے۔کیونکہ آئیڈیل کہلانے میں بہت سی باتوں کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔

## غلبے کا جذبہ

اگر وہ اس حقیقت کا اپنے مرد پر بھی کبھی اظہار نہیں کرتی ہے لیکن وہ اندر سے نہایت رقابت پسند اور غلبہ حاصل کر لینا چاہتی ہے اس لیے مرد کو چاہیے کہ وہ کبھی اپنے محلّہ کا چھیلا بننے کی کوشش نہ کرے۔یہ عورت اگر ایک مرتبہ وعدہ کر لیتی ہے اور اگر چہ یہ وعدہ کاغذ پر نکاح کی صورت میں نہ بھی ہو تب بھی ہمیشہ کے لیے پکا وعدہ ہوتا ہے اور وہ اپنے جیون ساتھی سے بھی یہی توقع رکھتی ہے۔

جو دل پھینک عاشق اس کے ساتھ دکھاوے کی محبت کرنا چاہتا ہے اسے تنبیہ کی جاتی ہے کہ اسے تاریکی میں نہ رکھے اگر کوئی آدمی اس سے کہتا ہے کہ بنیادی طور پر ہمارا ایک دوسرے کے ساتھ نباہ نہیں ہو سکتا ہے اس کے باوجود وہ اس کے حسن سے متاثر ہے تو اسے اگر چہ یہ بات سن کر تھوڑی سی مایوسی ہو گی لیکن وہ اس مرد کی چال بازی میں نہیں آئے گی۔

دوسری بدترین غلطی یہ ہو گی کہ وہ اس کے سامنے جھوٹ بولے اور ڈینگ مارنا شروع کر دے کہ میں بڑا مالدار ہوں اس کی وجہ سے وہ صرف سخت مایوس ہی نہیں ہو گی بلکہ اس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ وہ صدمہ سے بے ہوش ہو جائے گی یا ڈرامہ اور ایک ہنگامہ برپا کر دے گی وہ اس بات کی پرواہ نہیں کرتی ہے کہ کون اسے اپنانا چاہتا ہے لیکن اس بات کا اسے سخت صدمہ ہوتا ہے کہ اسے بے وقوف بنایا گیا ہے۔

# عملی مرد کی تمنائی

اس کے آئیڈیل مرد کو عملی ہونا چاہیے اور زندگی کی بنیادی ضروریات پر اس کی گرفت مضبوب ہونی چاہیے اس کا دل جیتنے کے لیے ضروری نہیں ہے کہ اس مرد کے پاس یونیورسٹی کی ڈگری ہو۔۔اس کے برخلاف وہ اس بات کی پرواہ بھی نہیں کرتی ہے کہ اس مرد کا آئی کیو (ذہنی معیار) اندھی چیونٹی کے برابر ہے ان حالات میں خوشگوار توازن کس طرح برقرار رکھا جا سکتا ہے؟ اگر وہ مرد ثابت قدم ہے اور ضرورت سے زیادہ اپنے تصورات میں پرواز نہیں کرتا ہے پھر وہ اس دوشیزہ کے لیے مناسب رہے گا۔

جب تک وہ اس کے ساتھ حسن سلوک کرتا رہے گا وہ مرتے دم تک اس کی وفادار بن کر رہے گی اور اسے یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیے کہ کسی ہنگامی حالت میں وہ اپنی میزان بیوی پر بھروسہ کرسکتا ہے خواہ اس کے انگوٹھے میں چوٹ لگ جائے یا اس کی کمپنی فیل ہو جائے وہ ہر وقت مدد کرنے کے لیے تیار رہتی ہے یہ اتنی زبردست قربانی ہے جس کی انسان سے توقع کی جا سکتی ہے جب تک اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا جائے وہ اپنے مرد کی توقعات پر پورا اترتی ہے۔

## پسندیدہ رنگ

میزان افراد ہلکے رنگ زیادہ پسند کرتے ہیں جیسے کہ عام طور پر اٹھارویں صدی عیسویں کی پینٹنگز میں دیکھنے میں آتے ہیں یا ہلکے کتھی، خاکی رنگ کے شیڈ ان کے لیے زیادہ بہتر ہیں، بہت زیادہ گہرے رنگ یا بہت زیادہ شوخ رنگ کا استعمال انہیں بے تکا بنا سکتا ہے۔

## پسندیدہ پھول

میزان افراد کے پسندیدہ پھول موسم بہار کے آخر میں کھلتے ہیں ان پھولوں میں گلاب اور ’’فارگیٹ می ناٹ‘‘ ایک قسلم کا نیلے رنگ کا پھول ہوتا ہے اس کے علاوہ انہیں خوبصورت خوشبو اور پھولوں کے گلدستے جو خوبصورتی سے سجائے گئے ہوں بہت پسند آتے ہیں۔

## پسندیدہ ماحول

میزان افراد کو اپنے مزاج کے مطابق اپنے آئیڈیل ماحول کو اپنا لینا چاہیے کیونکہ ان کے برج کا عنصر مٹی ہے، اس وجہ سے میزان افراد کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ وہ فوراً اپنے گھر واپس پہنچ جائیں۔

میزان افراد کو اپنے گھر کی تزئین و آرائش کرنے کا بہت شوق ہوتا ہے اور ان کے گھر کی کھڑکیوں میں پھول والے چھوٹے پودے رکھے ہوتے ہیں جبکہ انکے گھر کافی روشن ہوتے ہیں۔علاوہ ازیں میزان افراد اپنے کمرے میں آرائشی آرام فرنیچر اور خوبصورت رنگوں کے پردے پسند کرتے ہیں ان کے گھروں میں عموماً نایاب و نادر چیزیں نظر آتی ہیں اور ان چیزوں کو وہ دوسرے لوگوں کو دکھانا پسند کرتے ہیں۔

ان کے نادر و نایاب خزانے میں چینی کے برتن کوئی پینٹنگز ، کیسٹ یا ریکارڈرز، زیورات یا دوسری نایاب چیزیں ہوسکتی ہیں جو دوسرے گھروں میں عام طور پر سجی ہوئی نظر نہیں آئیں گی۔

میزان افراد کو پرانی طرز کے لیکن جدید سہولتوں سے مزین مکان رہائش کے لیے پسند ہوتے ہیں جبکہ وہ شہر کے نواح میں رہنا پسند کرتے ہیں جہاں سکون اور

خاموشی ہو۔میزان افراد کھانے پینے کے شوقین ہوتے ہیں اور اپنے مہمانوں کی تواضع اپنے گھر پر ہی کرنا پسند کرتے ہیں اور نئے نئے کھانے پکانے کے شوق میں ان کا زیادہ تر وقت باقی گھر کی طرح آراستہ و پیراستہ اور خوبصورت باورچی خانہ میں گزرتا ہے۔

## کنجوسی یا بچت

برج میزان انتہائی گرمجوش اور ادبی ذوق رکھنے والا برج ہے۔اس کو فطرت اور زمین سے گہرا لگاؤ ہے۔میزان افراد میں فنون اور آرٹ کی طرف سے جو رجحان پایا جاتا ہے اس کو زہرہ کے اثرات نے اور بڑھا دیا ہے لیکن میزان افراد کے فنکارانہ رجحانات کا اظہار تخلیقی نوعیت کا نہیں ہوتا کیونکہ وہ فن کو زندگی کے لیے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔فن برائے فن سے ان کو دلچسپی نہیں۔وہ اپنے فن سے کام لینا چاہتے ہیں کہ خود بھی فائدہ اٹھائیں اور دوسروں کو بھی فائدہ پہنچائیں۔

## فطرت کے شیدائی

اگر وہ بیرون ملک اور ملک کے خوبصورت مقامات کی سیر کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے تو اپنے شہر اور اس کے گردونواح کے باغوں اور پارکوں میں سیر کرکے ہی اپنے ذوق کی تسکین کا سامان کر لیتے ہیں۔اگر وہ کراچی جیسے ساحلی شہر میں رہتے ہیں تو ان کے لیے سمندر کا منظر کہساروں کے مناظر سے کم دلچسپ نہیں ہوگا۔

میزان عورت بھی قدرتی مناظر سے دلچسپی رکھتی ہے اگرچہ مرد کے مقابلے میں کم۔بہر حال وہ بھی چاہتی ہے کہ کبھی کبھی شہر کی ہنگامہ پرور زندگی سے نکل کر کچھ وقت دیہاتی ماحول میں گزرے۔

# تبدیلی ناپسند

میزان افراد اپنی زندگی کے معمولات میں عارضی خلل تو گوارا کر سکتے ہیں لیکن ایسی تبدیلی قطعی پسند نہیں کر سکتے جس کی وجہ سے ان کی زندگی کا ڈھانچہ ہی بدل جائے۔ان کی حالت یہ ہے کہ ان کو ایک گھر چھوڑ کر دوسرے گھر میں منتقل ہونا بھی ناگوار گزرتا ہے۔خواہ نیا گھر پہلے والے گھر سے اچھا ہی کیوں نہ ہو۔یہی معاملہ ملازمت کا ہے۔وہ ایک ملازمت کر لینے کے بعد اس کو ترک کر کے دوسری ملازمت کی خواہش بہت کم کرتے ہیں۔

میزان افراد کے اس رجحان کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ان کی فطرت استحکام اور تحفظ چاہتی ہے۔اس لیے جب وہ ایک گھر یا ایک ملازمت سے مطمئن ہو جاتے ہیں تو وہ کسی نئے خطرے میں پڑ کر اپنے تحفظ کو خطرے میں نہیں ڈالتے۔

## مشفق والدین

میزان افراد اپنے بچوں سے محبت سے پیش آتے ہیں۔وہ نہایت مشفق ماں باپ ہوتے ہیں اور اپنے گھر کے ماحول کو پرسکون دیکھنا چاہتے ہیں۔ان کو گھریلو لڑائی جھگڑے قطعی پسند نہیں۔میزان والدین اپنے گھر میں اپنا پورا اقتدار چاہتے ہیں اور اس مقصد کے لیے میاں بیوی اپنا اپنا دائرہ کار مقرر کر لیتے ہیں تاکہ ایک دوسرے کے معاملے میں مداخلت نہ ہو۔وہ اپنے گھر کو بہترین سازوسامان سے آراستہ دیکھنا چاہتے ہیں۔

## بہترین منتظم

میزان افراد میں انتظامی صلاحیت بھی اچھی ہوتی ہے۔گھر کے معاملات کو سلیقہ سے انجام دینے کے علاوہ ایک میزان عورت اپنے دفتری فرائض تک خوبی

سے انجام دے سکتی ہے۔ بینکاری، تجارت، سیلز مین کی حیثیت سے کام، زراعت اور قانون وہ میدان ہیں جن میزان ثابت قدم رہتے ہیں۔

میزان افراد کی ثابت قدمی اور قوت برداشت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ دوسرے لوگ جس کام کو تنگ آ کر چھوڑ بیٹھتے ہیں وہ اس کام میں جتے رہتے ہیں اور تنگ نہیں آتے۔ ان کی زندگی کا سرمایہ ار کسی بدقسمتی سے ضائع ہو جائے تو وہ ازسرنو اس کو جمع کرنے میں لگ جاتے ہیں اور حرف شکایت زبان پر نہیں لاتے۔

ہنگامی حالات میں بھی میزان افراد اپنا ذہنی توازن برقرار رکھتے ہیں۔ وہ گھبراتے اور پریشان نہیں ہوتے ہیں۔ وہ ایسے موقع پر یہ سوچنے کی کوشش کرتے ہیں کہ کام کیسے شروع کیا جائے اور پھر جلد ہی کوئی حل ڈھونڈ لیتے ہیں۔

میزان فراد بچپن میں والدین کی توجہ اور محبت چاہتے ہیں لیکن اگر ان کو یہ محبت نہ ملے تو وہ اس کی بھیک نہیں مانگتے۔ وہ بھوکے ننگے رہ سکتے ہیں لیکن کسی پر اندرونی حالت ظاہر نہیں ہونے دیں گے۔

میزان افراد پر جب جذبات کا غلبہ ہوتا ہے تو وہ اکثر جذبات سے مغلوب ہو جاتے ہیں اور ایسی صورت میں وہ تلون مزاجی اختیار کر سکتے ہیں۔

برج میزان کی علامت "سانڈ" ہے۔ جو ایک مطمئن اور مست قسم کا جانور ہے۔ اگر اس کو چھیڑا نہ جائے تو وہ سے کچھ نہیں کہتا اور اگر اس سے سمجھداری کے ساتھ کام لیا جائے تو وہ دن بھر بغیر کسی شکایت کے کام کرتا رہتا ہے، ہاں اگر اس کو ستایا جائے تو وہ تباہی پھیلا سکتا ہے۔ میزان افراد کی مثال بھی سانڈ جیسی ہے۔

میزان افراد چونکہ اپنی رائے میں پختہ ہوتے ہیں اس لیے ان کو اکثر ضدی اور ہٹ دھرم کہا جاتا ہے۔ لیکن وہ ضدی نہی ہوتے۔ وہ کسی بات پر اگر جم جاتے

ہیں تو یہ بات ان کی صداقت شعاری کی دلیل ہے کیونکہ وہ اپنی رائے کو صحیح سمجھتے ہیں۔

## میزان اوراسرار محبت

روح جب برج میزان کے مرحلے میں داخل ہوتی ہے تو گویا بچپن کا دور ختم ہو جاتا ہے اور نوجوانی کا دور شروع ہو جاتا ہے اور اس دور کو بچپن اور شعور کی پختگی کا درمیانی دور کہا جا سکتا ہے روح نوجوانی پسند کرتی ہے۔تاہم بچپن کی حدود سے نکلنے میں پس و پیش سے کام لیتی ہے برج میزان میں روح کو منفی مونث اور رات کی طاقتوں کی آ گہی دوبارہ حاصل ہوتی ہے موسموں کے تغیرات محسوس ہونے لگتے ہیں اور بلوغت کے احساس سے خودمختار ہونے اور والدین کی نگہداشت سے محروم ہونے کے خدشات روح کو بے چین کر دیتے ہیں ۔بہر حال عالم آب وگل میں جب وہ تبدیلی کے اس دور میں داخل ہوتی ہے تو وہ نہ صرف خود پریشان ہو جاتی ہے بلکہ اپنے والدین کے لیے بھی الجھن کا باعث ہوتی ہے کیونکہ وہ بلوغت کو والدین خصوصاً ماں کی نگہداشت اور شفقت سے محرومی کا باعث قرار دیتی ہے برج میزان کے تحت پیدا ہونے والے لوگ اس مرحلے میں یہ سوچنے لگتے ہیں کہ عملی دنیا میں جن نئے لوگوں سے واسطہ پڑے گا وہ نجانے کیسے ہوں گے۔اس اندیشہ کی وجہ سے وہ محتاط اور رازدارانہ طرز عمل اختیار کر لیتے ہیں اور تنہا اپنی سوچ کی دنیا میں مگن رہنا پسند کرتے ہیں اور اپنے دل کے راز لوگوں سے چھپانے لگتے ہیں میزان کی روح اپنے تحت الشعور میں پہلے ہی سے یہ محسوس کر لیتی ہے کہ والدین کی نگہداشت سے محرومی کا نقصان کیا ہو سکتا ہے بچپن کے دوست بچھڑ جاتے ہیں آبائی گھر تبدیل ہو جاتے ہیں پرانے ہمسایوں سے دور رہنا پڑتا ہے برج میزان کے تحت پیدا ہونے والے لوگ یہی وجہ ہے کہ سن بلوغت سے خوف کھاتے ہیں اور ہر حال کے مقابلے

میں ماضی سے رشتہ استوار رکھنا پسند کرتے ہیں میزان روح کے لیے زندگی کے دکھ اور سکھ کا ادراک الجھن کا باعث ہوتا ہے تاہم وہ ہمت نہیں ہارتی ہے اور اپنے انجانے اندیشوں کو قرین عقل احتیاط میں تبدیل کرلیتی ہے کہ کوئی اس کے دل کی کیفیات کا اندازہ نہ کرسکے میزان روح کے لیے محبت اور گھر یکساں اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔

اگر ان دونوں کا ستارہ اچھا ہوتو پھر ان کی ازدواجی زندگی پرمسرت بن جاتی ہے اور اگر نصیب ہی خراب ہوتو پھر یہ دونوں ایک دوسرے کے خون کے پیاسے بن جاتے ہیں۔مسٹر عقرب زیادہ تر اس بات کو تسلیم کرلیتا ہے کہ اس عورت نے اپنی زندگی میرے لیے وقف کررکھی ہے۔اگرچہ یہ عورت اس حقیقت کو کبھی تسلیم نہیں کرتی ہے کہ اس مرد کی زندگی کا ایک خفیہ پہلو بھی ہے جس کا اس عورت سے کوئی تعلق نہیں ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس مرد کو آزادی کی ضرورت ہوتی ہے۔حقیقت یہ ہے کہ اگر یہ مرد ۱۰۰ فیصد اپنی توجہ اس عورت پر مرکوز کرنے کے قابل بھی ہو جائے تو اس کی زندگی کے کمزور پہلوؤں پر یہ عورت حملہ کردیتی ہے لیکن جس مرد پر طاقت کا بھوت سوار ہوتو وہ اس قسم کی عورت کو پسند کرتا ہے لیکن وہ اس بات کو کبھی تسلیم نہیں کرتا ہے۔لہذا یہ ایک قدرتی بات ہے کہ وہ عورت اس مرد کے ساتھ جھگڑا کرتی رہتی ہے لیکن اس کی بہت سی ضروریات پوری کردیتی ہے اور اس کے بدلے میں وہ مرد اس عورت کو بیرونی دنیا سے پناہ دیتا ہے اور اجازت دیتا ہے کہ تم اسی طرح میری پوجا کرتی رہو۔یہ اس کی کتنی بلند حوصلگی کا ثبوت ہے۔ہے ناں لیکن یہ بات اتنی آسان نہیں ہے لیکن ہمیشہ ایسا نہیں ہوتا ہے ایک دن ایسا بھی آتا ہے جب وہ عورت اپنے ہیرو کی پوجا کرنا چھوڑ دیتی ہے اور ایسا بالعموم اس وقت ہوتا ہے جب اس عورت کو پتہ چل جاتا ہے کہ میاں کا بینک بیلنس ختم ہورہا ہے۔پھر ایسا ہوتا ہے

کہ وہ عورت نہایت غور و خوض کے بعد منظر میں رنگ بھرنے لگتی ہے۔ وہ مطالبہ کرنے لگتی ہے کہ تم مجھ سے محبت نہیں کرتے ہو وگرنہ اس کا ثبوت دو؟ وہ اس عورت کو خوش رکھنے کی بہت کوشش کرتا ہے لیکن وہ بات پیدا نہیں ہوتی ہے جو اس نے سوچ رکھی ہوتی ہے اور اس کا طرز سلوک اس عورت کو یقین دلانے میں ناکام رہتا ہے اور نہ اس کی ضروریات پوری کر سکتا ہے اس کے بعد وہ کھل کر کھیلنا شروع کر دیتی ہے۔ رونا پیٹنا، شور مچانا، مایوسی کا اظہار کرنا روزانہ کا معمول بن جاتا ہے اور اس کے بعد اگر اتفاق سے کوئی پرکشش مرد سامنے آ جائے تو اس کے ساتھ ہنسی مذاق کرنے لگتی ہے اور یہ اس کی بہت بڑی غلطی ہوتی ہے کیونکہ مسٹر عقرب خواہ کتنی ہی گہری محبت کرتا ہو لیکن وہ اس عورت کو اپنی جائیداد خیال کرتا ہے اور اس کے بعد اس عورت کے ساتھ بے رحمانہ سلوک کرنے لگتا ہے اس کے منہ سے زہریلے الفاظ باہر نکلنے لگتے ہیں اور جب گھٹے ہوئے جذبات باہر نکلنے لگتے ہیں تو پھر قطب شمالی کی سی خاموشی چھا جاتی ہے اب مس سرطان کے لیے گھر میں مرد کی بدسلوکی برداشت کرنے یا چھوڑ کر چلے جانے کے علاوہ کوئی تیسرا راستہ نہیں ہوتا ہے۔ لیکن اگر اس عورت میں تھوڑی سی بھی عقل ہوتی ہے تو وہ دوسرا راستہ اختیار کرتی ہے۔

اس بندھن میں جنسی کشش بہت زیادہ مجبور کر دیتی ہے کیونکہ اس کے علاوہ اور کوئی بات ان کے اشتراک کی نظر نہیں آتی ہے اور جب ان میں احساس گناہ پیدا ہو جاتا ہے تو مسٹر قوس یہ خیال کرنے لگتا ہے کہ مس سرطان نے اسے تھالی کا بینگن بنا رکھا ہے اور اس کی ترنگ، جوش و ولولہ اور آزادی کے احساس کو کچل کر رکھ دیا ہے جبکہ وہ عورت اور مرد کی آزادی کے بے راہ روی خیال کرتی ہے اور بیرونی دنیا سے اس کے تعلقات کو اپنے سکون کا دشمن سمجھنے لگتی ہے تھوڑی دیر کے لیے وہ خود یقین دلانے کی کوشش کرتی ہے کہ اگر وہ انڈے سینے والی مرغی کی طرح بن جائے اس کے

پسندیدہ کھانے پکائے اور جنسی اعتبار سے اس کی تسکین کر دے تو وہ اس مرد کو مطمئن رکھ سکے گی۔ لیکن یہ اس کی خام خیالی ہے حقیقت یہ ہے کہ یہ مرد گھر کا پابند بن کر رہ ہی نہیں سکتا ہے خواہ جنسی طور پر وہ کتنی ہی اطاعت پذیر ہو۔ بہر حال جب وہ اتنے جتن کر کے ہار جاتی ہے تو بہر حال وہ عورت ہوتی ہے جبکہ اس مرد کے دل میں یہ خواہش کروٹ بدلتی رہتی ہے کہ وہ تمام عورتوں کو فتح کر لے۔ مس میزان احتجاج کر کے اور دھمکیاں دے کر حالات کو مزید خراب کر دیتی ہے اور اس کے نتیجے میں وہ مزید دور چلا جاتا ہے انجام کار اسے یہ فیصلہ کرنا پڑتا ہے کہ یا تو نزدیک ترین دارالامان میں چلی جائے یا گھر میں اس کی نوکرانی بن کر رہے یا اپنا سامان باندھ کر چلتی بنے اور پیچھے ایک خط چھوڑ جائے۔

THE END______ختم شد_______